شہر میں بوندا باندی، جنوبی شہر میں ہوئی جھما جھم بارش

کانپور، (ایس این بی)

جمعہ کی شام شہر کے جنوب میں زوردار بارش ہوئی جبکہ شہر میں صرف بوندا باندی ہی ہوئی۔ جنوبی شہر میں تقریباً ایک گھنٹہ تک زوردار بارش ہوتی رہی۔ بارش کے سبب بازاروں، جوہی کھلوا پل اور سڑکیں پانی میں ڈوب گئیں۔ قدوائی نگر، ساکیت نگر، نوبستہ اور بسنت وہار میں جھما جھم بارش ہوئی۔

جمعہ کو پورے دن دھوپ چھاؤں کا کھیل چلتا رہا۔ پورے دن امس سے لوگ پریشان رہے۔ شام ہوتے ہی کالے گھنے بادل چھائے رہے اور ساؤتھ سٹی میں جم کر برسے۔ کانپور کے دیہی علاقوں میں بھی بارش ہوئی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کل بھاری بارش کا الرٹ ہے۔ وہیں مانسون بھی دستک دے سکتا ہے۔

بدھ کو تقریباً 35 ملی میٹر بارش کے بعد زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت اور کم سے کم میں کمی آ گئی تھی۔ جمعرات کو درجہ حرارت میں پھر اضافہ ہوگیا۔ سی ایس اے یونیورسٹی کے مطابق دن کا پارہ 7.4 ڈگری تک بڑھ گیا۔ کم سے کم درجہ حرارت میں کوئی خاص اضافہ نہیں ہوا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق جمعہ کو اتوار تک ہلکی سے متوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔

سی ایس اے میں زیادہ بارش کے سبب یہاں جمعرات کو زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 27.8 ڈگری سیلسیس سے بڑھ کر 35.2 ڈگری سیلسیس ہوگیا۔ کم سے کم درجہ حرارت میں 2 ڈگری کی کمی آئی۔ درجہ حرارت 24.6 ڈگری سیلسیس ہوگیا۔ ایئر فورس ویدر اسٹیشن پر بدھ کو صرف 12 ملی میٹر بارش ہوئی تھی۔ یہاں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 40.6 ڈگری سے کم ہوکر 38 ڈگری سیلسیس ہوگیا۔ کم سے کم درجہ حرارت میں بھی کمی آئی۔ درجہ حرارت 31.6 ڈگری سے کم ہوکر 29.3 ڈگری ہوگیا۔

نمی کا فیصد 80 اور کم سے کم 66 ہے۔ درجہ حرارت بھی زیادہ رہنے سے نمی بھاپ بنتی رہی۔ اس سے امس بڑھ گئی۔ لوگ دن بھر پسینے سے نہاتے رہے۔ ہوا کی رفتار 7.2 کلومیٹر فی گھنٹہ رہی جو بیچ بیچ 20 کلومیٹر فی گھنٹہ رہی۔ امس زیادہ ہونے سے سانس کے مریضوں کو سب سے زیادہ پریشانی ہونے لگتی ہے۔ ایسے مریض دن رات پریشان ہو رہے ہیں۔

سی ایس اے کے موسم سائنسدان ڈاکٹر ایس این سنیل پانڈے کا کہنا ہے کہ بندیل کھنڈ کے راستے یوپی میں آیا مانسون سرگرم ہے۔ خاص طور پر مشرقی اترپردیش میں مغربی کے مقابلے زیادہ بارش کے امکانات ہیں۔ یہاں آئندہ 24 گھنٹوں میں 69 ملی میٹر کی بارش ہوسکتی ہے۔ کانپور میں 29 کو آرینج الرٹ و باقی دنوں میں یلو الرٹ بنا رہے گا۔ آئندہ 48 گھنٹے میں مانسون کانپور پہنچے گا۔

بارش اور آندھی کے بعد شہر کا بجلی نظام ایک بار پھر سے گڑبڑا گیا ہے۔ 24 گھنٹے میں 671 بار بجلی گئی۔ سب سے زیادہ ٹرپنگ ہیرس گنج، جریب چوکی اور جاج مئو ڈویژن میں ہوئی۔ دادانگر میں فیکٹریوں کا پروڈکشن ٹھپ رہا۔ دیر رات تک بجلی نہ آنے سے لوگ پریشان رہے۔

33 کے وی چمن گنج فیڈر کی بجلی زیر زمین فالٹ ہونے سے کئی گھنٹے تک غائب رہی۔ زیر زمین فالٹ ہونے سے پرم پوروہ کی بجلی صبح کئی گھنٹے گل رہی۔ ہیرس گنج ڈویژن میں سب سے زیادہ 84، جریب چوکی میں 75، جاج مئو میں 65، وکاس نگر میں 59 اور دہیلی سجان پور میں 56 بار بجلی گئی۔

آئی آئی ٹی سے این ایس آئی تک ہٹیں گے ناجائز قبضے

256 ناجائز قبضے نشانزد، 29 جون تک قبضے ہٹانے کا الٹی میٹم، دکانداروں نے کی مخالفت

کانپور: مخالفت کرتے ہوئے ناجائز قبضے دار.................. (تصویر : ایس این بی)

کانپور، (ایس این بی)

جی ٹی روڈ چوڑا کرنے کو لے کر این ایچ پی ڈبلیوڈی نے جمعرات کو آئی آئی ٹی سے این ایس آئی تک 256 ناجائز قبضے دار نشانزد کرنے کے ساتھ ہی 87 ناجائز قبضوں پر نوٹس چسپاں کرکے منادی کرائی کہا گیا کہ 3 دن میں ناجائز قبضے توڑ لیں نہیں تو 29 جون سے مہم چلا کر قبضے منہدم کئے جائیں گے، ہرجانہ بھی وصول کرنے کا انتباہ دیا گیا ہے۔ منادی کے بعد مقامی دکاندار مخالفت کرتے ہوئے سڑک پر اتر آئے۔ ناجائز قبضہ داروں نے جی ٹی روڈ پر کنارے کی زمین پر شوروم، ریسٹورنٹ، دکانوں سمیت 2-2 منزل کے مکان تعمیر کر لئے ہیں۔ شام کو ناجائز قبضہ داروں نے میٹنگ کرکے اس کارروائی کی مخالفت کی۔

محکمہ تعمیرات عامہ کی قومی شاہراہ اکائی نے جی ٹی روڈ کو چوڑا کرنے کے لئے سڑک کے کنارے آئی آئی ٹی گیٹ سے 18 کلومیٹر دور رامادیوی چوراہے تک ناجائز قبضے منہدم کرنے کی تیاری کی ہے۔ اس کے لئے آئی آئی ٹی گیٹ سے رامادیوی کی طرف سروے اور نوٹس دینے کا عمل شروع کر دیا گیا ہے۔ پہلے مرحلے میں مندھنا سے رامادیوی کی طرف آئی آئی ٹی گیٹ کے سامنے والی پٹی میں این ایس آئی کے ذریعہ اب تک 256 ناجائز قبضے نشانزد کئے گئے ہیں۔

محکمہ تعمیرات عامہ قومی شاہراہ کی ٹیم ناجائز قبضے داروں کو نوٹس دینے پہنچی تو دکانداروں نے نوٹس لینے سے انکار کرتے ہوئے اس کی مخالفت شروع کر دی۔ محکمے کے دستے میں شامل انجینئروں نے دکانداروں کی مخالفت کو لے کر سینئر افسران کو اطلاع دی۔ اعلیٰ افسران نے بات کرنے کے بعد ٹیم کے لوگوں نے ایک ایک کرکے 87 ناجائز تعمیرات پر محکمہ جاتی انہدامی کارروائی کے نوٹس چسپاں کئے۔ افسران کے جانے کے بعد مقامی دکانداروں نے آئی آئی ٹی گیٹ واقع کالی ماتا مندر میں میٹنگ کی۔ کارروائی کی مخالفت اور مہم روکنے کا مطالبہ کیا۔ سابق کارپوریٹر نرملا مشرا نے کہا کہ دو سال قبل میٹرو تعمیر کے دوران میٹرو ریل کارپوریشن نے ان کی دکان و مکان توڑے تھے جنہیں بنا کر دیا گیا۔ بعد میں لوگوں نے اپنی محنت کی کمائی لگا کر مزید تعمیر کرائی۔ اگر میٹرو کام کے دوران ہی انتباہ دے دیا گیا ہوتا تو دکاندار لاکھوں روپے کیوں لگاتے۔

تحفظ ختم نبوت کانفرنس امسال 3 نومبر کو، مجلس تحفظ ختم نبوت کانپور کی میٹنگ میں فیصلہ

اس سے قبل 6 اکتوبر کو فیتھفل گنج میں امام اعظمؒ وائمہ ثلاثہؒ کانفرنس کا اعلان، بڑے پیمانے پر تیاریاں شروع

کانپور، (پریس ریلیز)

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو آخری نبی مانے بغیر کوئی شخص مسلمان نہیں ہوسکتا۔ دنیا میں بہت سارے لوگ ہوئے جنہوں نے آپ ﷺ کے بعد نبوت کا دعویٰ کیا لیکن اللہ کے منتخب کردہ بندوں نے ایسے لوگوں کا بھرپور تعاقب کرکے عام مسلمانوں کے ایمان کی حفاظت کی۔ اس سلسلے کی ایک کڑی مجلس تحفظ ختم نبوت دارالعلوم دیوبند ہے۔ ان خیالات کا اظہار مجلس تحفظ ختم نبوت کانپور کے صدر مولانا امین الحق عبداللہ قاسمی نے جمعیۃ بلڈنگ میں منعقد مجلس تحفظ ختم نبوت کانپور کی میٹنگ کے دوران کیا۔

مولانا نے بتایا کہ مجلس تحفظ ختم نبوت کے تحت ام المدارس دارالعلوم دیوبند کی جانب سے حضورؐ کی ختم نبوت، آپ کی احادیث کی حجیت اور صحابہؓ کی عظمت کا تحفظ کیا جاتا ہے نیز جھوٹے مدعیان مسیحیت و مہدویت کا قلع قمع کیا جاتا ہے۔ اسی کی ایک شاخ مجلس تحفظ ختم نبوت کانپور ہے جس کی بنیاد تقریباً 30 برس قبل حضرت مولانا محمد متین الحق اسامہ قاسمیؒ سابق قاضئ شہر نے رکھی تھی۔ مولانا نے کہا کہ مولانا اسامہؒ نے اکابر دارالعلوم دیوبند و جمعیۃ علماء کی سرپرستی میں شہر کانپور و اطراف میں سیکڑوں اصلاحی نشستیں، بڑے جلسے، کانفرنسیں، مبلغین کے دورے، لٹریچر کی تقسیم کا ایسا سلسلہ شروع کیا کہ اس پورے خطے سے قادیانیت کے پیر اکھڑ گئے، حضورؐ کی احادیث کے منکرین کی کمر ٹوٹ گئی اور چھوٹے مدعیان مسیحیت و مہدویت کے پیروکار سامنے آنے سے کترانے لگے۔ سال 2020 میں مولانا کی رحلت کے بعد اس ناچیز کو مجلس کا صدر منتخب کیا گیا، اللہ کے فضل سے مولانا نے جو ٹیم بنائی تھی وہ پہلے سے زیادہ عزم و حوصلہ اور جذبہ کے ساتھ میدان میں آئی اور ناچیز کا بھرپور تعاون کیا۔

مجلس کے نائب ناظم مولانا امیر حمزہ قاسمی نے گزشتہ چار سالہ کارکردگی رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ مولانا اسامہ علیہ الرحمہ کے بعد مولانا افضال الرحمان ہردوئی کی سرپرستی میں مجلس کام کر رہی ہے اور مولانا علیہ الرحمہ کے جانشین مولانا امین الحق عبداللہ قاسمی کو بھی تمام اکابر کا اعتماد حاصل ہو رہا ہے جو ہمارے لئے خوش آئند بات ہے۔

میٹنگ میں تمام شرکاء نے بیک آواز مجلس تحفظ ختم نبوت کانپور کی کارکردگی کو سراہا اور مبارکباد پیش کی۔ جملہ ممبران کے اتفاق رائے سے طے پایا کہ امسال نومبر کی 3 تاریخ بروز اتوار تحفظ ختم نبوت و تحفظ حدیث کانفرنس منعقد کی جائے گی جس کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی جائیں گی۔ اس کے علاوہ دین کی ترویج و اشاعت میں فقہاء کرام خصوصاً ائمہ اربعہ کی خدمات کو بیان کرنے کیلئے 6 اکتوبر بروز اتوار فیتھفل گنج میں امام اعظم وائمہ ثلاثہ کانفرنس کا انعقاد کیا جائے گا۔

میٹنگ کا آغاز قاری مجیب اللہ عرفانی نے تلاوت کلام اللہ سے کیا۔ میٹنگ میں جمعیۃ علماء وسط زون کے صدر مولانا اسلام الحق اسجد قاسمی محمدی لکھیم پور بطور مہمان شریک ہوئے۔ شرکاء میں قاضئ شہر حافظ معمور احمد جامعی، مفتی عبدالرشید قاسمی، مولانا خلیل احمد مظاہری، مولانا نورالدین احمد قاسمی، مولانا محمد اکرم جامعی، مولانا انیس خاں قاسمی، مولانا محمد انعام اللہ قاسمی، قاری مجیب اللہ عرفانی، قاری عبدالمعید چودھری، مفتی عزیز الرحمٰن قاسمی، مولانا طاہر قاسمی، مولانا کلیم احمد جامعی، مولانا عبداللہ قاسمی، حافظ محمد الماس، حافظ محمد شارق، مولانا حذیفہ قاسمی، مولانا محمد ذکوان قاسمی، مولانا شعیب مبین مظاہری اور قاری بدرالزماں قریشی سمیت مجلس تحفظ ختم نبوت کانپور کے 50 سے زائد ممبران موجود تھے۔

الگ الگ حادثات میں الیکٹریشین سمیت 2 ہلاک

کانپور، (ایس این بی)

شہر کے الگ الگ تھانہ حلقوں میں دو لوگوں کی حادثے میں موت ہوگئی۔ چکیری میں ریلوے ٹریک پار کرتے وقت الیکٹریشین و جاج مئو میں سڑک پار کر رہے معمر پرچون دکاندار کی موت ہوگئی۔

چکیری اوم پوروہ ساکن دنیش کمار (45) الیکٹریشین تھے۔ ان کے بیٹے ارپت نے بتایا کہ بدھ کی دیر شام وہ بھابھا نگر ریلوے ٹریک سے ہوتے ہوئے کام سے جا رہے تھے۔ وہ ریلوے ٹریک کو پار کر رہے تھے کہ سامنے سے آ رہی ٹرین کی زد میں آ گئے۔ جس سے وہ زخمی ہو کر وہیں گر پڑے۔ راہگیروں کی اطلاع پر پہنچی پولیس انہیں کانشی رام اسپتال لے گئی جہاں پر ڈاکٹروں نے انہیں مردہ قرار دیا۔ پولیس نے واقعے کی اطلاع اہل خانہ کو دی۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی بیوی پونم بے ہوش ہوکر گر پڑیں۔ وہیں جاج مئو اونچا ٹیلہ ساکن غیاث الدین (55) گھر پر ہی پرچون کی دکان چلاتے تھے۔ ان کے چھوٹے بھائی فرید نے بتایا کہ جمعہ کی صبح جاج مئو چیک پوسٹ کے پاس وہ سڑک پار کر رہے تھے تبھی تیز رفتار ٹینکر نے ان کو روند دیا۔ جس سے ان کی موقع پر ہی موت ہو گئی۔ حادثے کے بعد ڈرائیور ٹینکر لے کر فرار ہو گیا۔ اطلاع پر پہنچی پولیس نے حادثے کی اطلاع اہل خانہ کو دی۔ حادثے کی اطلاع کے بعد بیوی شبانہ کا رو رو کر برا حال ہے۔ پولیس نے لاشوں کو پوسٹ مارٹم کیلئے بھیج دیا ہے۔

جہیز کا مطالبہ پورا نہ ہونے پر بیوی کو دیا 3 طلاق

کانپور، (ایس این بی)

جہیز کا مطالبہ پورا نہ ہونے پر ایک نوجوان نے اپنی بیوی کو جم کر پیٹا اور 3 طلاق دے کر معصوم بچی کے ساتھ گھر سے نکال دیا۔ متاثرہ نے متعلقہ تھانے میں شوہر وسسرال والوں کے خلاف تحریر دی ہے۔ پولیس متاثرہ کی تحریر پر معاملے کی تفتیش کر رہی ہے۔

مچھریا ساکن محمد اقبال احمد نے بتایا کہ انہوں نے اپنی 26 سالہ بیٹی شگفتہ کا نکاح دو سال قبل فتح پور میں رہنے والے محمد مشتاق احمد کے بیٹے عرفان کے ساتھ کیا تھا۔ شگفتہ کے مطابق شادی میں اہل خانہ نے حسب حیثیت جہیز دیا تھا۔ شادی کے بعد کچھ دنوں تک تو سب کچھ ٹھیک رہا لیکن اس کے بعد شے شوہر وسسرال والے زائد جہیز کا مطالبہ کرنے لگے۔ اس نے اپنے والد سے پیسے کا مطالبہ کیا لیکن انہوں نے انکار کر دیا۔ جس کے بعد سے شوہر وسسرال والے اس کا جسمانی و ذہنی استحصال کرنے لگے۔ اتنا ہی نہیں اس کے ساتھ وہ لوگ مار پیٹ کرنے لگے اور شوہر دوسری شادی کی بات کرنے لگے۔ اس دوران وہ ایک بچی کی ماں بھی بن گئی۔ گزشتہ ماہ شوہر وسسرال والوں نے اسے بری طرح پیٹا۔ اس کے بعد شوہر نے 3 طلاق دے کر اسے شیر خوار بیٹی کے ساتھ یہ کہتے ہوئے گھر سے نکال دیا۔ تب سے وہ مائیکے میں رہی ہے۔ متاثرہ نے متعلقہ تھانے میں شوہر و سسرال والوں کے خلاف تحریر دی۔ پولیس متاثرہ کی تحریر پر معاملے کی تفتیش کر رہی ہے۔

بچے کو بچانے میں والد کرنٹ کی زد میں آیا، موت

کانپور، (ایس این بی)

پنکی تھانہ حلقے میں پاور ہاؤس میں کام کرنے والے پپومنی (37) بہار کے سرسی پارس منی پواری تولہ پنکی پلانٹ کے پاس جھونپڑی بنا کر کنبے کے ساتھ رہتا تھا۔ اس کی بیوی نیتا نے بتایا کہ جمعرات کو وہ کام پر نہیں گئے تھے۔ تبھی جھونپڑی کے اندر لٹک رہے تار میں بیٹے کا ہاتھ پڑ گیا اور وہ کرنٹ کی زد میں آ گیا تھا۔ شور سن کر شوہر اچے بچانے کو بھاگے اور ہاتھ سے ہی تار ہٹانے لگے۔ اس دوران کرنٹ نے ان کو اپنی زد میں لے لیا جس سے وہ بے ہوش ہو کر وہیں گر پڑے۔ آناً فاناً اہل خانہ انہیں پنکی واقع ایک پرائیویٹ اسپتال لے گئے جہاں پر ڈاکٹروں نے انہیں مردہ قرار دیا۔ اطلاع پر پہنچی پولیس نے لاش کو پوسٹ مارٹم کیلئے بھیج دیا۔ وہیں اہل خانہ کا رو رو کر برا حال ہوگیا۔

پی آر وی کو لاوارث چھوڑنے میں 3 پولیس اہلکار معطل

کانپور، (ایس این بی)

پی آر وی کو لاوارث چھوڑنے کے معاملے میں 3 پولیس اہلکاروں کو معطل کر دیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی لاپروائی برتنے والے پولیس اہلکاروں کے خلاف محکمہ جاتی جانچ بھی بٹھا دی گئی ہے۔ پی آر وی میں تعینات پولیس اہلکاروں کی لاپروائی سامنے آنے پر ایک ایک گاڑی کا جائزہ شروع کر دیا گیا ہے۔ اس سے کہ پھر کوئی پولیس اہلکار اس طرح کی لاپروائی نہیں کی۔ اس کے ساتھ ہی لاپروائی برتنے والے پولیس اہلکاروں کے خلاف محکمہ جاتی جانچ بٹھا دی گئی ہے۔ پی آر وی میں تعینات پولیس اہلکاروں کی لاپروائی سامنے آنے پر ایک ایک گاڑی کی جائزہ لینا شروع کر دیا گیا ہے۔ اس سے کہ پھر کوئی پولیس اہلکار اس طرح کی لاپروائی نہیں کرے۔ اس کے ساتھ ہی پی آر وی میں تعینات پولیس اہلکاروں کی سرگرمی کو بھی چیک کیا جا رہا ہے۔

ایڈیشنل پولیس کمشنر ہریش چندر نے بتایا کہ گزشتہ منگل کو کسی کام سے گول چوراہے کی طرف جا رہے تھے۔ موتی جھیل میٹرو اسٹیشن کے نیچے انہیں ایک پی آر وی کی انووا کھڑی تھی لیکن اس میں کوئی بھی پولیس اہلکار موجود نہیں تھا۔ شک ہونے پر انہوں نے اپنی گاڑی بھی وہیں روک دی اور تفتیش کی تو چونکانے والی سچائی سامنے آئی۔ پی آر وی میں تعینات ڈرائیور نورتن سنگھ، دو ہیڈ کانسٹبل چندر شیکھر اور ودوشی کمار مشر کے ساتھ گاڑی پر تھے۔ ان کا ڈیوٹی ٹائم ختم ہوگیا تھا۔ انہوں نے اپنے بعد آنے والی ٹیم کا انتظار نہیں کیا اور گاڑی کو لاوارث میں چھوڑ کر چلے گئے۔

لاپروائی کرنے والے تینوں پولیس اہلکاروں کو جانچ کے بعد معطل کر دیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی تینوں کے خلاف محکمہ جاتی جانچ بٹھا دی گئی ہے۔ وہیں ایڈیشنل پولیس کمشنر کی سختی کے بعد اب جمعہ کو ڈائل 112 کے اے ڈی سی پی لاکھن یادو نے پی آر وی کا کہاں کہاں پر مومنٹ ہے۔ انہوں نے کئی گاڑیوں کو اطلاع دے کر بھی ان کا ریسپانس ٹائم چیک کیا۔

ڈپریشن کے سبب نوجوان نے ریلوے ٹریک پر گردن رکھ کر جان دی

کانپور، (ایس این بی)

گووند پوری اسٹیشن پر ایک نوجوان نے گلے کی آواز چلی جانے سے پریشان ہوکر ڈپریشن کے سبب ریلوے ٹریک پر گردن رکھ کر جان دے دی۔ اطلاع پر پہنچی جی آر پی نے لاش کو پوسٹ مارٹم کیلئے بھیج دیا۔

فضل گنج کے گڑرین پوروہ ساکن سنجے کمار (40) لیدر کاریگر تھے۔ بیوی ببلی نے بتایا کہ 5 دن قبل ہوئے ایک حادثے میں ان کی گلے کی آواز چلی گئی تھی۔ وہ خود نوکری کرکے شوہر کا علاج کرا رہی تھیں لیکن سنجے آواز واپس نہ آنے کے سبب اندر ہی اندر گھٹ رہے تھے جس وجہ سے وہ ڈپریشن میں رہنے لگے تھے اور اکثر مرنے کی بات کہتے تھے۔ جمعرات کو وہ سامنے دکان جانے کی بات کہہ کر نکلے تھے۔ شام تک جب گھر نہیں آئے تو بیٹے کنال نے انہیں فون کرکے اطلاع دی۔ اس پر انہوں نے تلاش شروع کی۔ وہ انہیں تلاش کرتے ہوئے گووند پوری اسٹیشن پہنچیں اور لوگوں سے معلومات کی۔ اس پر ایک شخص نے انہیں اطلاع دی کہ کسی شخص نے ریلوے ٹریک پر گردن رکھ کر جان دے دی ہے۔ وہیں اطلاع پر پہنچی جی آر پی نے لاش کو پوسٹ مارٹم کیلئے بھیج دیا۔ حادثے کے بعد اہل خانہ کا رو رو کر برا حال ہے۔

بند کمرے سے ضعیف کی لاش برآمد

کانپور، (ایس این بی)

بابوپوروہ تھانہ حلقے میں جمعرات کی دیر شب ایک ضعیف کی لاش کمرے میں ملنے سے علاقے میں افراتفری مچ گئی۔ اطلاع پر پہنچی پولیس نے دروازہ توڑ کر لاش کو باہر نکالا۔ پولیس نے لاش کو پوسٹ مارٹم کیلئے بھیج دیا۔ بابوپوروہ کالونی ساکن 70 سالہ شیو نارائن اکیلے رہتے تھے۔ علاقے میں ہی ان کا بھتیجہ سنیل رہتا ہے۔ سنیل کے مطابق جمعرات کی شب تقریباً 11 بجے وہ چچا شیو نارائن کے گھر پہنچا تو دیکھا کہ دروازہ اندر سے بند ہے۔ اس پر اس نے آواز لگائی لیکن اندر سے کوئی جواب نہیں ملا۔ کافی دیر آواز لگانے کے بعد بھی جب کوئی جواب نہیں ملا تو اسے شک ہوا اور اس نے پولیس کو اطلاع دی۔ موقع پر پہنچی پولیس نے دروازہ توڑا تو دیکھا کہ کمرے میں شیو نارائن کی لاش پڑی تھی۔ حالانکہ ان کے جسم پر چوٹ وغیرہ کے نشان نہیں تھے۔ پولیس نے لاش کو پوسٹ مارٹم کیلئے بھیج دیا ہے۔

سیل توڑ کر کرا رہے تھے ناجائز تعمیر، 3 کے خلاف مقدمہ درج

کانپور، (ایس این بی)

انورگنج تھانہ حلقے میں سیل توڑ کر ناجائز تعمیر کرائے جانے کے معاملے میں کے ڈی اے نے 3 لوگوں کے خلاف تھانے میں تحریر دی۔ پولیس نے تفتیش کے بعد کے ڈی اے افسران کی تحریر پر مقدمہ درج کرلیا ہے۔

کے ڈی اے کے اسپیشل افسر روی پرتاپ سنگھ نے انورگنج تھانے میں تحریر دیتے ہوئے بتایا کہ کوپر گنج واقع احاطہ نمبر 80/71 پارٹ گنگا مل کمپاؤنڈ ساکن محمد شفیق اپنی بلڈنگ کی تعمیر کرا رہے تھے۔ اطلاع ملنے پر انفورسمنٹ دستے نے موقع پر پہنچ کر معائنہ کیا اور ناجائز تعمیر پائے جانے پر عمارت کو سیل کر دیا تھا۔ انہوں نے بتائے اکہ گزشتہ دنوں انہیں اطلاع ملی کہ مکان مالک عبد الشفیق رات میں چوری چھپے سیل کی گئی عمارت میں تعمیری کام کرا رہے تھے۔ اس پر انہوں نے اسسٹنٹ انجینئر شیلیندر سنگھ، جے این پانڈے، ریجنل سپروائزر انوپ سنگھ وسنت رام کو معاملے کی جانچ کرنے کا حکم دیا۔ جانچ میں پایا گیا کہ عبد الشفیق سیز عمارت میں ناجائز طریقے سے تعمیری کام کرا رہے ہیں۔ اس پر انہوں نے بلڈنگ مالک محمد عبد الشفیق کے خلاف تھانے میں تحریر دی۔ پولیس ان کی تحریر پر مقدمہ درج کرکے تفتیش کر رہی ہے۔ اسی طرح کوپر گنج واقع جے کے کمپاؤنڈ ساکن سنجے اگروال و وکاس شکلا کی عمیرت میں بھی سیل توڑ کر رات میں تعمیری کام کرایا جا رہا تھا۔ جانچ ٹیم نے موقع پر پہنچ کر معائنہ کیا تو عمارت مالک ناجائز طور پر کام کراتے ملے۔ اسپیشل افسر کی تحریر پر انورگنج پولیس نے سنجے اگروال و وکاس شکلا کے خلاف بھی مقدمہ درج کرلیا ہے۔

اسپات کمپنی کے ڈائرکٹر کی ضمانت عرضی خارج

کانپور، (ایس این بی)

52 کروڑ روپے ٹیکس چوری کے معاملے میں رادھے رادھے اسپات پرائیویٹ لمیٹڈ کے ڈائرکٹر نوین جین کی ضمانت عرضی اسپیشل کورٹ نے خارج کردی۔

ڈائرکٹر جنرل آف جی ایس ٹی انٹیلیجنس لکھنؤ کی ٹیم نے نوین جین کو 52 کروڑ روپے کی جی ایس ٹی چوری کے معاملے میں گرفتار کیا ہے۔ فرم پر 3 کروڑ روپے کا مال بغیر جی ایس ٹی ادا کئے بغیر فروخت کرنے کا الزام ہے۔ فتح پور میں چلنے والی اس فرم کا کارپوریٹ آفس فضل گنج میں واقع ہے۔ معاملے میں اسپیشل سی جے ایم کورٹ نے نوین جین کو بدھ کو جیل بھیجا تھا۔ جمعرت کو نوین کی طرف سے اسپیشل سی جے ایم کورٹ میں ضمانت عرضی داخل کی گئی۔ اس پر ڈی جی جی آئی کی طرف سے اعتراض داخل کرنے کے لئے وقت کا مطالبہ کیا گیا۔ عدالت نے جمعہ تک کا وقت دیا تھا۔ نوین کی طرف سے ضمانت عرضی داخل کرتے ہوئے غلط ثبوتوں کی بنیاد پر جھوٹا پھنسائے جانے کی بات کہی گئی۔ کہا گیا کہ اس معاملے میں 7 سال سے کم کی سزا کی تجویز ہے ایسے میں نوین کی ضمانت منظور کی جانی چاہئے۔ جمعہ کو عدالت نے معاملے میں سماعت کرتے ہوئے نوین جین کی ضمانت عرضی خارج کردی۔

ضروری اطلاع

قارئین کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اس اخبار میں شائع ہونے والے سبھی اشتہارات پر کارروائی کرنے سے پہلے پوری تحقیق کرلیں اور مناسب صلاح لے لیں۔ کوئی بھی سہکرا ابھر جو اس اخبار میں شائع کسی اشتہار جیسے ٹاور، نوکری، قرض سے متعلق یا دیگر کسی بھی طرح کے سلسلہ میں کوئی رقم بھیجتا ہے یا کسی طبی صلاح پر کوئی کارروائی یا خرچ کرتا ہے یا کوئی وعدہ کرتا ہے تو ایسا وہ اپنے خود کے ضمیر، عقل اور جوکھم پر کریں گے۔ کمپنی، ناشر یا اس کا کوئی ملازم اشتہار دہندہ کے ذریعہ ان کے کسی پروڈکٹ یا سروس کے لیے کیے گئے کسی دعوے کی سچائی کی یقین دہانی نہیں کراتے اور ایسے اشتہارات پر یقین کرکے کسی شخص کو ہوئے کسی خسارے، نقصان اور نتائج کے لیے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔

بارولائرس ایسوسی ایشن مل کر کریں گے نئے قوانین کی مخالفت

کانپور، (ایس این بی)

یکم جولائی سے نافذ ہو رہے نئے قوانین کی بار اور لائرس ایسوسی ایشن مل کر مخالفت کریں گے۔ نئے قوانین کے خلاف جمعہ کو بار ایسوسی ایشن کے صدر پرمود کمار دویدی کی قیادت میں مشترکہ طور پر بار ایسوسی ایشن میں منعقد کی گئی۔ اس میں صاف طور پر کہا گیا کہ نئے قانون کی مخالفت کی جائے گی۔ اسے مانا نہیں جائے گا۔ 30 جون تک انتظار کرکے یکم جولائی سے تفصیلی گفتگو اور عوامی بیداری پیدا کی جائے گی۔ بار ایسوسی ایشن کے جنرل سکریٹری آدتیہ کمار سنگھ اور لائرس ایسوسی ایشن کے جنرل سکریٹری ابھیشیک تیواری نے کہا کہ 193 وکلاء پر درج مقدموں کی کاپی ایسوسی ایشن کو دستیاب کرائی جائے۔ جس سے کہ ان کے متعلق تنظیم جانچ کرا سکے۔ ایسے ہی عوامی نمائندے اور پولیس اہلکاروں پر درج مقدمے بھی عوام کے سامنے لائے جائیں جس سے حالات صاف ہوسکیں۔ میٹنگ میں سنجیو کنوجیا، ششر کمار پانڈے، ناگیش چندر ترپاٹھی، شیکھر سنگھ تومر، پریتی ترپاٹھی، راہل گپتا، سریش چندر تیواری، شاردا نند شرما، روہت شکلا، آنند سروپ شکلا وغیرہ موجود تھے۔

موٹر سائیکل سوار بدمعاشوں نے طالبہ سے کی چھیڑ خانی، کھینچنے کی کوشش

کانپور، (ایس این بی)

برا تھانہ حلقے میں موٹر سائیکل سوار لفنگوں نے کوچنگ سے گھر لوٹ رہی طالبہ سے چھیڑ خانی کر دی۔ طالبہ کے مخالفت کرنے پر لفنگوں نے اسے کھینچنے کی کوشش کی۔ متاثرہ کے شور مچانے پر لفنگے دھمکی دیتے ہوئے بھاگ نکلے۔ طالبہ کے اہل خانہ نے نامعلوم لفنگوں کے خلاف متعلقہ تھانے میں تحریر دی۔ پولیس متاثرہ اہل خانہ کی تحریر پر تفتیش کر رہی ہے۔

برا 2 ساکن طالبہ قدوائی نگر واقع ایک اسکول میں 11 ویں کی طالبہ ہے اور قدوائی نگر واقع ایک کوچنگ میں پڑھتی ہے۔ طالبہ کے مطابق جمعہ کی صبح وہ گھر سے سائیکل لے کر کوچنگ گئی تھی۔ کوچنگ پڑھنے کے بعد وہ گھر لوٹ رہی تھی۔ طالبہ کے مطابق ابھی وہ چھتر واٹیکا گیٹ کے موڑ کے پاس پہنچی ہی تھی کہ تبھی موٹر سائیکل سوار دو لفنگے اس کے پاس آئے اور جبراً دوستی کا دباؤ بناتے ہوئے چھیڑ خانی کرنے لگے۔ جب اس نے مخالفت کی تو اسے موٹر سائیکل سے کھینچنے کی کوشش کی۔ طالبہ کے شور مچانے پر راہگیر دوڑے۔ لوگوں کو آتا دیکھ کر لفنگے دیکھ لینے کی دھمکی دیتے ہوئے بھاگ نکلے۔ گھر پہنچی طالبہ نے اہل خانہ کو واقعے کی اطلاع دی۔ اہل خانہ طالبہ کو لے کر متعلقہ تھانے پہنچے اور تحریر دی۔ پولیس متاثرہ کی تحریر پر معاملے کی تفتیش کر رہی ہے۔

آئی آئی ٹی کی تقریب تقسیم اسناد آج

کانپور، (ایس این بی)

آئی آئی ٹی کانپور میں ہفتہ کو 57 واں تقریب تقسیم اسناد ہوگا۔ جس میں اوریگن اسٹیٹ یونیورسٹی یو ایس اے کی صدر اور آئی آئی ٹی کانپور کی سابق طالبہ پروفیسر جیتی وائی مورتی مہمان خصوصی ہوں گی۔ آئی آئی ٹی کے بورڈ آف گورنرس کے صدر ڈاکٹر کے رادھا کرشنن اور ڈائرکٹر پروفیسر منیندر اگروال تقریب کی صدارت کریں گے۔ اس موقع پر 2332 طلباء و طالبات کو ڈگریاں تقسیم دی جائیں گی۔ صدر جمہوریہ گولڈ اور ڈائرکٹر گولڈ سمیت کئی اعزاز بھی دئے جائیں گے۔

گرفتاری کا خوف

سابق ڈی آئی او ایس نے عدالت میں داخل کی پیشگی ضمانت کی عرضی

کانپور، (ایس این بی)

فرضی ای میل آئی ڈی سے ڈی آئی او ایس کو بھیجے گئے فرضی 9 ٹیچروں کے انتخاب کی فہرست معاملے میں معطل چیف اسسٹنٹ راجن ٹنڈن اور سینئر اسسٹنٹ سنیل کے بعد اب سابق ڈی آئی او ایس دوئم منی لال کو بھی گرفتاری کا خوف ستانے لگا ہے۔ اس کے سبب انہوں نے عدالت میں پیشگی ضمانت کے لئے عرضی داخل کی ہے۔ اس وقت ڈی آئی او ایس ارون کمار نے اس معاملے میں درج کرائے گئے مقدمے میں کرنل گنج تھانے کی پولیس کی طرف سے باپ بیٹے سمیت 7 لوگوں کی گرفتاری نے دو سابق ڈی آئی او ایس اول اور دوئم، معطل چیف اور سینئر اسسٹنٹ، اکاؤنٹس افسر اور اکاؤنٹینٹ کی پریشانی بڑھا دی ہے۔ فرضی ٹیچر بھرتی معاملے میں پولیس کی جانچ میں ابھی تک معطل کلرک اور سابق ڈی آئی او ایس کو ملزم نہیں بنایا گیا ہے۔ پھر بھی تینوں لوگوں نے گرفتاری سے بچنے کیلئے پیشگی ضمانت کی عرضی عدالت میں داخل کی ہے۔ ماہرین بتاتے ہیں کہ معطل چیف اسسٹنٹ نے عدالت سے عرضی واپس لے لی ہے جبکہ سینئر اسسٹنٹ نے ابھی عرضی واپس نہیں لی ہے۔ حال ہی میں سابق ڈی آئی او ایس دوئم منی لال نے بھی پیشگی ضمانت کے لئے عرضی داخل کر دی ہے۔ اے سی پی مہیش کمار نے بتایا کہ ڈی آئی او ایس دوئم منی لال نے گرفتاری کے خوف سے پیشگی ضمانت کے لئے عدالت میں عرضی داخل کی ہے۔ اس پر عدالت نے تفتیش کار کو معاملے کو جاننے کے لئے بلایا تھا۔ تفتیش کار نے عدالت کو معاملے سے واقف کرایا ہے۔ معاملے میں ابھی کانپور سمیت دوسرے اضلاع میں تفتیش چل رہی ہے۔

کشا گر قتل معاملے میں مزید 2 ملزمان کی ضمانت عرضی خارج

کانپور (ایس این بی) کشا گر قتل معاملے میں خاص ملزم ٹیوشن ٹیچر کے بعد اس کے مبینہ عاشق اور دوست کی بھی ضمانت عرضی اے ڈی جے 7 آزاد سنگھ کی عدالت نے جمعہ کو خارج کردی۔ اب معاملے کی گواہی 3 جولائی کو اے ڈی جے 17 کی عدالت میں ہوگی۔ 30 اکتوبر 2023 کو رائے پوروہ ساکن کپڑا تاجر منیش کنوڈیا کے بیٹے کشا گر کا اغوا کے بعد قتل کردیا گیا تھا۔ قتل کے معاملے میں ٹیوشن ٹیچر رچیتا وتس، اس کے مبینہ عاشق پربھات شکلا اور شیوا گپتا کو گرفتار کرکے رائے پوروہ پولیس نے جیل بھیج دیا تھا۔ فی الحال تینوں جیل میں ہیں۔ معاملے کی سماعت میں گواہی اے ڈی جے 17 کی عدالت میں چل رہی ہے۔ اسی درمیان ٹیوشن ٹیچر رچیتا وتس کی ضمانت عرضی خارج ہونے کے بعد پربھات شکلا اور شیوا گپتا نے ایک ساتھ ضمانت عرضی دی تھی۔